اسنیہہ شِورِ

تعارف

- اسنیہہ شِو رغذائی خوراک سے محروم بچوں اور ایسے بچوں کی دیکھ بھال کیلئے مخصوص طور پر شروع کی گئی سرگرمی ہے جن میں بڑھت پوری طرح ٹھیک نہیں ہے۔(یعنی 5 سال سے کم عمر کے معمول سے کم اور بہت کم وزن والے بچے)
- یہ ایک مقررہ ہدف والا اقدام ہے جو غذائی خوراک کی کمی کے سب سے زیادہ شکار 200 ضلعوں کے لئے ہے۔
- اس کی اہم سرگرمیوں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:
  - اچھی طرح سمجھانا اور صلاح مشورہ دینا
  - ماؤں کو/ دیکھ بھال کرنے والوں کو تربیت دینا
  - بچوں کو دودھ پلانے/کھلانے کی نگرانی کرنا
- یہ اقدام مقررہ وقت کے اندر پورا کیا جانے والا اور نتائج پر مبنی ہے اور اس کے نتائج کو اس کے اثرات سے ناپا جا سکتا ہے۔
- اس اقدام کو ایسے بلاکوں/سیکٹروں/کلسٹر وں میں ترجیحی طور پر نافذ کیا جائے گا جہاں تغذیہ کی کمی 20 فیصد سے زیادہ ہے۔
- یہ 3 سے 4 آنگن واڑی سینٹر والے کلسٹروں میں نافذ کیا جائے گا اور ہر آنگن واڑی سینٹر میں نافذ نہیں ہوگا۔
- 200، ہائی برڈ ڈسٹرکٹس (بچوں کی زیادہ پیدائش والے اضلاع) میں شِورلگانے کیلئے مزید 200 آنگن واڑی کارکن فراہم کئے جائیں گے۔

اِسنیهه شِوِر کیلئے لازمی ضروری اشیاء

- نوزائیدہ اور دیگر بچوں کی وزن کرنے والی مشین
- عوام میں بیداری پیدا کرنے والے آلات عوام سے متعلق چارٹ، بچوں اور ماؤں کے تحفظ کیلئے کارڈ وغیرہ
- ضرورت کے مطابق چارٹ پیپر، مارکر، اور گروتھ چارٹ وغیرہ
- نیوٹریشن کاؤنسلنگ اینڈ چائلڈ کیئر سیشن (NCCS) رجسٹر تاکہ وزن میں ہوئے اضافے کو دیکھا جا سکے، ریفرل اور حاضری وغیرہ کی تفصیل معلوم کی جا سکے۔
- کھانا پکانے کے برتن اور کھانا کھلانے کے کٹورے اور چمچے وغیرہ (اگر دستیاب نہ ہوں تو یہ دیکھ بھال کرنے والوں کے گھروں سے منگائے جا سکتے ہیں)
- پانی جمع کرنے کی سہولت اور پینے کے لئے صاف اور محفوظ پانی کی فراہمی
- ناخن کاٹنے والا نیل کٹر
- صابن اور تولیہ
- دواؤں کی کٹ
- ڈسپلے بورڈ، اسکور بورڈ اور دیگر IEC سامان

نیوٹریشن کاؤنسلنگ اینڈ چائلڈ کیئر سیشنز (NCCS)

❖ نیوٹریشن کاؤنسلنگ اینڈ چائلڈ کیئر سیشنز (NCCS) ایک 12 روزہ بحالی پروگرام ہے۔
❖ اس کا انعقاد غذائی خوراک سے محروم بچوں کی منتخب ماؤں کے ساتھ کیا جائے گا۔
❖ NCCS کے تحت سرگرمیاں اور خدمات درج ذیل ہیں:

- o وزن کا ریکارڈ رکھنا (پروگرام کے شروع میں وزن اور آخر میں وزن)
- o پیٹ میں کیڑوں کا علاج اور آئرن فولک ایسڈ پلانا
- o موقع پر گرما گرم تازہ اضافی کھانا کھلانا (**300-400 کلوکیلوریز اور 18 گرام پروٹین**)
- o کھلانے پلانے کے پیٹرنز کے ذریعے درست طریقے سے کھانا کھلانا، صفائی ستھرائی اور صحت سے متعلق نفسیاتی مشق، اچھی سوچ والی کی ماؤں کے ذریعے اپنے عمدہ تجربات کو دوسری ماؤں کے ساتھ بانٹنا یا ساجھا کرنا
- o دیکھ بھال کے طریقوں کی مشق کرنے کی صلاح دینا
- o ہر ایک معاملے کا الگ بندوبست اور وزن میں مناسب اضافہ کا تجزیہ کرنا
- o علاج اور میڈیکل سہولیات کا حصول
  - معمول کے مطابق ٹیکہ کاری، وٹامن اے اور آئرن فولک ایسڈ دینا
  - مددگار نرس دائی/میڈیکل آفیسر کے ذریعے میڈیکل جانچ اور ضروری علاج
  - مددگار نرس دائی/آشا/میڈیکل افسر کے ذریعے پیچیدہ مرض کے علاج کیلئے ریفرل خدمات
- o 18 دن تک گھر پر دیکھ بھال کے بعد کی کارروائی
- o ایک گاؤں میں 6 سے 9 **میٹنگز (مہینوں)** کے بعد نیوٹریشن کاونسلنگ اینڈ چائلڈ کیئر سیشن، ایک سال تک ہر تیسرے مہینے لگائے جائیں تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ کوئی بھی بچہ SUW نہیں ہے اور اس میں کوئی نیا بچہ شامل نہیں ہوا ہے۔

آنگن واڑی کارکن کا کردار

❖ ایسے بچوں کی نشاندہی جن کا وزن بارڈر لائن پر ہے درمیانے درجے پر ہے یا بہت زیادہ کم ہے۔
❖ ایسے معمول سے کم وزن کے بچوں کی فہرست CDPO کو بھیجنا اور انہیں بتانا۔
❖ بچوں کا وزن کرنے میں CDPO کی مدد کرنا۔
❖ غذائی خوراک سے متعلق صلاح ومشورہ اور بچوں کی دیکھ بھال (یا اسنیہہ شِور کیمپ)
❖ بچوں کے ساتھ بچوں کی دیکھ بھال کرنے والوں کا خیر مقدم اور اُن کی حاضری لینا۔
❖ اس بات کو یقینی بنانا کہ دیکھ بھال کرنے والے بچے کو کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھوئیں۔
❖ بچوں کو کھلانے میں بچوں کی دیکھ بھال کرنے والوں یا ماؤں کی مدد کرنا۔
❖ معمول سے بہت کم وزن کے بچوں کو میڈیکل دیکھ بھال کے مددگار نرس دائی/میڈیکل افسروں تک پہنچانا۔
❖ صحت اور غذائی خوراک کے کیمپ کیلئے اس دن کے موضوع پر تبادلہ خیال کرنا۔
❖ صحت اور تغذیہ کے دن کے موضوع پر بات چیت کرنا۔
❖ تندرست بچوں کی ماؤں کی نشاندہی کر کے ان سے ان کے تجربات دوسری ماؤں کو بتانے کے لئے کہیں۔
❖ کیمپ میں شریک ہونے والے بچوں کی ماؤں سے ملنے کیلئے گھروں کا دورہ کرنا۔
❖ شِور کی رپورٹ تیار کرنا